# NICE Welfare Society

Striving for Humanity

NICE

# Annual Report
# 2018

210-Rustam Park, Behind Umer Market, More Samanabad, Multan Road, Lahore.
**www**.nicewelfaresociety.org **f** nicewelfare Ph. 042-37414700, 0333-4699344

بسم الله الرحمن الرحيم

**“And cooperate in righteousness and piety.”**

**(Al Quran)**

**“A man's true wealth is the good he does in this world.”**

**(Hazrat Muhammad, PBUH)**

## Vision

*Striving for Humanity*

## Mission

*To make our society prosperous through sustained social development by providing quality education, skills, training and better healthcare facilities.*

# CONTENTS

**Page No.**

1. Introduction....................5

2. Who Are We — Our Team ....................7

3. What We Do — Our Projects....................8

4. Year at a Glance — Events held during the year 2018....................10

5. Media Coverage ....................15

6. Future Plans ....................26

7. How to contribute....................27

# INTRODUCTION

**NICE Welfare Society,** a Non-Government and Non-Profit organization, has been endeavouring for sustained social development. After fulfilling all codal formalities, it was registered by the Social Welfare Department, Govt. of the Punjab under the Voluntary Social Welfare Agencies (R&C) Ordinance 1961.

**Work Plan:**

From amongst the work plan of the NICE, as per its approved Constitution, following key areas have been our focus:

i) Welfare of Children
ii) Welfare of Women
iii) Welfare of Mentally and Physically retarded persons
iv) Patients Welfare
v) Welfare of Old & Disabled persons
vi) Liaison with other organizations working for the cause of social welfare

**What We Do:**

During the year under report, efforts were made in the following key areas:-

- Education
- Training and Skill Development
- Rehabilitation of Special Children
- Women Empowerment
- Social / Community Development

To fulfill our religious obligation, we have been imparting education to those who lack resources to get education. Today, scores of children ranging from prep / nursery to high school level, who belong to very poor families and even do not afford their basic living, are being imparted education by the **NICE**. Our FREE services include:-

i) Imparting Education
ii) Vocational Training for Women
iii) Rehabilitation of Special Children
iv) Computer Training

In order to lessen financial burdens of poor families, NICE has been working for empowering the women by making them skilled through training in the vocational skills. A Vocational Training Center has been established with the support of our benefactors. After successful completion of 3 months' course, one sewing machine is gifted to each participant (or at least to those who perform well during the course of training) as a tool to earn their livelihood after completing their training.

Besides the above, **NICE** has started a programme to rehabilitate the **Special Children** by providing them vocational and technical training so that they are able to earn their livelihood at par with other family members of their families. By doing so, they would be able to prove them as useful for their families as other family members could be.

The above mentioned goals, no doubt, can only be achieved with the generous support from our benefactors. It is hoped that public at large would certainly stand with us for this noble cause in the best interest of humanity.

# WHO ARE WE — OUR TEAM

NICE has been endeavouring under the leadership of such dedicated persons who are full of passion and enthusiasm to serve the humanity for its utmost development. Detailed resume of the Executive Body Members is given below:

| Name & Designation | Profile | |
|---|---|---|
| **Ahmad Ali**<br>President | • Former Director, Public Relations, Govt. of the Punjab.<br>• Executive Editor, Monthly "ILMIAT" |  |
| **M.B. Shahid**<br>Senior Vice President | • Former PRO, Lahore High Court<br>• Social Worker |  |
| **Asmat Kosar**<br>Vice President | • Educationist<br>• Principal, Gulshan Model High School, Shahdara, Lahore<br>• Social Worker |  |
| **Saira Iqbal**<br>General Secretary | • Social Worker<br>• Human Rights Activist<br>• Sales & Marketing Expert<br>• Community Mobilizer |  |
| **Muhammad Suleman**<br>Joint Secretary | • Social Worker<br>• Sales & Marketing Expert |  |
| **Bushra Iqbal**<br>Finance Secretary | • Teacher<br>• Social Worker<br>• Social Media Expert |  |
| **Prince Riaz**<br>Information Secretary | • Educationist<br>• Social Worker<br>• Writer<br>• Poet |  |
| **Muhammad Ali Sabri**<br>Member,<br>Executive Committee | • Educationist, Retired Headmaster<br>• Renowned Poet<br>• Social Worker |  |
| **Bashir Ahmad Bhatti**<br>Member,<br>Executive Committee | • Educationist<br>• Retired Senior School Teacher<br>• Social Worker |  |

# WHAT WE DO — PROJECTS

Details of our ongoing projects are as under:-

**Schooling:**

In order to fulfil our religious obligations, we have been imparting education to those who lack resources to get education. Today, a considerable number of children ranging from prep / nursery to high school level, who belong to very poor families and even do not afford their basic living, are being imparted education by the **NICE** at its Two Campuses located at Shahdara and Rustam Park (More Samanabad). They are provided books, bags, uniforms, stationery items etc. to fulfil their educational needs with the help of our generous sponsors.

**Computer Training:**

Today is the age of information technology. In order to impart Computer Training to the students, a Computer Lab was established at our Shahdara Campus with the generous support of **National Bank of Pakistan,** Corporate Social Responsibility Division, Karachi. We acknowledge, most sincerely, this generous gift by the **NBP** for the students of NICE. Computer training is being imparted to the students in this Lab as per their educational and future requirements.

Another Computer Lab is being established at Rustam Park Campus with the generous logistic support from the **Pak Electron Limited** (**PEL)**. This would certainly augment our efforts to impart computer training to the young students who would be benefited from this training in their future pursuits. NICE acknowledges, most sincerely, this gift of **PEL** for the students of NICE.

**Vocational Training Center for Women**

At its Vocational Training Centers, NICE imparts, **Free of Charge**, vocational training in **Domestic Tailoring, Dress Making** and **Fashion Designing** to women belonging to low-income class so that they are able to earn their livelihood with dignity

by doing work at their homes. This would certainly add to the financial health of that family and it is expected that their standard of living would be improved considerably. This would further add to the prosperity of the society and the motherland. Vocational training would also enhance their working skills and productivity as well. On the completion of training, participants of the training, who exhibit good results during class tests and practical works, are given Sewing Machines as Gifts so that they may earn their livelihood without any further spending in this regard.

It's a matter of great satisfaction and acknowledgement that **National Bank of Pakistan** under the Corporate Social Responsibility (CSR) graciously approved a project of **"Up-gradation of Vocational Training Center"**. In this regard, appropriate funds have been provided to the NICE. Necessary steps are underway to upgrade this Vocational Training Center by providing appropriate logistic support. NICE Welfare Society pays its sincerest gratitude to the **National Bank of Pakistan** for this patronage.

## Assistance:

Considering the hard realities of socio economic problems being faced by the common men of the society, NICE extends financial assistance to the needy people, presently on small scale, out of its meager resources to fulfil their acute needs like basic living requirements, education of children and healthcare. It is intended that with the regular support of our sponsors, we would be able to launch micro financing services for poverty eradication. Let's join hands in this regard for a prosperous Pakistan.

# EVENTS HELD DURING THE YEAR, 2018

During the year under report, a number of activities were undertaken, details thereof are given below:-

**Eye Camp:**

Free Eye Camp was held on 25th November, 2018, at Gulshan Model High School, Shahdara in collaboration with Al-Baseer Foundation and with the support of University of Lahore. Hundreds of patients were medically examined and provided necessary medicines and operation facility.




**Eid Gala:**

In order to distribute Eid gifts amongst women and children belonging to low income families, an Eid Gala was arranged which was attended by women and children at large scale.



## Inauguration of Vocational Training Center:

Vocational Training Center at Rustam Park was inaugurated during 2018. The said Vocational Training Center was made functional with the generous logistic support from **Mr. Husnain Kazmi and his associates**. Support from our benefactors in the functioning of this Vocational Training Center has been forthcoming uninterruptedly.




## Independence Day Celebrations:

Independence Day-2018 was celebrated with national zeal and utmost patriotism. Different competitions amongst the school-going students and children of the area were conducted and prizes / gifts were given to the participants of the programme.



**Plant for Pakistan:**

NICE always stands for the national cause of social development and prosperity. Following the call of our Hon'ble Prime Minister of Pakistan, NICE arranged "Plant for Pakistan" campaign on 8th September, 2018. Hundreds of plants of different kinds were planted on different places by the members and associates of NICE. Few of the pictures of this campaign are given below:




**Passing Out of 1st Batch of Vocational Training:**

Passing-Out Ceremony of the 1st Batch of 3 months Vocational Training Programme was held on 29th September, 2018. The ceremony was attended not only by the students / participants of the Programme but also by a large number of our benefactors and dignitaries of the area. Certificates, gifts and sewing machines were given to the participants of the course.



**Special Children Mela:**

In order to stand by the cause of Special Children and to celebrate International Day of Persons with Disabilities (3rd December, 2018), a Special Children Mela was organized on 8th December, 2018 at Children Library Complex. A large number of special children from different institutes especially the Children Library Complex participated in the event and presented their performances which were appreciated by all present on the occasion. Gifts and prizes were given to all the performers.




**Anti-Beggary Walk:**

On the call of Social Welfare Department (office of the Deputy Director, Social Welfare, Lahore), a WALK was organized on 15th December, 2018 at Town Hall Lahore to raise mass awareness about anti beggary.

Likewise, another WALK was organized on 22nd December, 2018 in collaboration with the staff of and students placed at UCD Project No. 4, Social Welfare Department, Lahore.



## Passing Out of 2nd Batch of Vocational Training

Passing-Out Ceremony of the 2nd Batch of Vocational Training Programme was held on 29th December, 2018. The ceremony was attended not only by the students / participants of the Programme but also by a large number of our benefactors and dignitaries of the area. During the event, certificates, gifts and sewing machines were given to the participants of the 3 months' course. The event was reported widely in the print media and electronic media as well.





# نائس ویلفیئر سوسائٹی

سائرہ اقبال

حالات کو تبدیل کرنا اور معاشرے کے اندر مثبت تبدیلی لانا ہر دردِ دل رکھنے والے انسان کی تمنا ہے مگر یہ تمنا اس وقت تک پوری نہیں ہو سکتی جب تک ہم خود اس کے لئے کچھ کردار ادا نہ کریں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ ''بے شک اللہ اس وقت تک کسی قوم کے حالات تبدیل نہیں کرتا جب تک وہ اپنے آپ کو تبدیل نہ کر لیں''۔ اور یہ تبدیلی اسی صورت میں ممکن ہے جب ہم خود میدان عمل میں نکلیں اور اپنی استطاعت کے مطابق معاشرتی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لئے کردار ادا کریں۔ اسی قرآنی تصور سے راہنمائی لیتے ہوئے نائس ویلفیئر سوسائٹی کے نام سے ایک غیر سیاسی فلاحی تنظیم کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ نائس ویلفیئر سوسائٹی کا پلیٹ فارم معاشرے کے ہر فرد کے لئے ایک ایسی بنیاد فراہم کرتا ہے جس پر وہ اپنی مدد آپ کے تحت اپنے مسائل کو نہ صرف حل کر سکتا ہے بلکہ اوروں کے لئے بھی ایک کردار ادا کر سکتا ہے۔ صحت مند معاشرتی اقدار کو فروغ دینا اور بالخصوص معاشرے کے پسماندہ افراد کو باوقار اور کامیاب شہری بنانا ہمارے مقاصد میں شامل ہے۔

تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب نے نائس ویلفیئر سوسائٹی کو رضاکار ادارہ جات معاشرتی بہبود (اندراج وانضباط) آرڈیننس مجریہ 196 (LXVI 1961) کے تحت رجسٹرڈ کر لیا ہے جو کہ معاشرتی ترقی و عوامی فلاح و بہبود کے لئے ہمارے عملی ارادوں اور کوششوں کا اعتراف ہے۔ نائس ویلفیئر سوسائٹی کی مجلس انتظامیہ کا ایک مختصر تعارف ذیل میں دیا جاتا ہے:

**حکیم محمد عثمان** (سرپرست اعلیٰ)
آپ بین الاقوامی شہرت کے حامل ممتاز ہربل ادویہ ساز ادارے مرحبا لیبارٹریز کے بانی اور چیف ایگزیکٹو ہیں جو نہ صرف انسانوں کی طب کے شعبہ میں گرانقدر خدمات سرانجام دے رہے ہیں بلکہ اپنی ملی بصیرت اور دور اندیشی کی بناء پر ملک وقوم کے لیے معاشرتی و سماجی شعبوں میں بھی نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں نائس ویلفیئر سوسائٹی کی سرپرستی بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

**احمد علی** (صدر): آپ بطور ڈویژنل ڈائریکٹر انفارمیشن، ڈی جی پی آر، انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب سے ریٹائر ہوئے اور علمی رسالہ ماہنامہ علمیت کے ایگزیکٹو ایڈیٹر ہیں، اخبارات میں کالم لکھنے، ریڈیو پر بطور تجزیہ کار کام کرنے کے علاوہ سماجی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

**محمد بوٹا شاہد** (سینئر نائب صدر): آپ بطور پی آر او لاہور ہائی کورٹ خدمات سرانجام دیتے رہے ہیں اور بعد ریٹائرمنٹ سماجی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

**عصمت کوثر** (نائب صدر): آپ تدریس کے شعبہ سے وابستہ ہیں اور گذشتہ 20 سال سے شاہدرہ کے علاقہ میں غریب طلباء و طالبات کو زیور علم سے آراستہ کر رہی ہیں۔

**سائرہ اقبال** (جنرل سیکرٹری): آپ پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے سوشل ورک کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد سے ایک عملی سوشل ورکر ہیں جو گذشتہ ایک دہائی سے سوشل ورک اور سماجی خدمات کے شعبہ میں سرگرم عمل ہیں اور کئی نیشنل و انٹرنیشنل فلاحی تنظیموں کے ساتھ خدمات سرانجام دے چکی ہیں

**محمد سلیمان** (جوائنٹ سیکرٹری): آپ ایک سوشل ورکر ہیں اور عملی طور پر سماجی خدمات کے شعبہ سے منسلک ہیں۔

**بشریٰ اقبال** (فنانس سیکرٹری): آپ ایک استاد ہیں اور قوم کے نونہالوں کو زیور علم سے آراستہ کر رہی ہیں۔

**پرنس ریاض** (انفارمیشن سیکرٹری): آپ ایک استاد ہیں اور گذشتہ دو دہائیوں سے قوم کے نونہالوں کو زیور علم سے آراستہ کر رہے ہیں۔

**محمد علی صابری** (ممبر مجلس عاملہ): آپ ایک ماہر تعلیم ہیں جو گذشتہ تین دہائیوں تک قوم کے نونہالوں کو زیور علم سے آراستہ کرنے کے بعد بطور ہیڈ ماسٹر ریٹائر ہوئے ہیں اور اب سماجی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

**بشیر احمد بھٹی** (ممبر مجلس عاملہ): آپ ایک ماہر تعلیم ہیں جو گذشتہ تین دہائیوں تک قوم کے نونہالوں کو زیور علم سے آراستہ کرنے کے بعد بطور ہیڈ ماسٹر ریٹائر ہوئے ہیں اور اب سماجی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔




## خدمات


تعلیم اور صحت کے شعبے ہمارے منصوبہ عمل کی بنیادی اساس ہیں کیونکہ جہاں تعلیم کسی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے تو وہیں صحت کے شعبہ کی ترقی معاشرے کے افراد کو ترقی کی صحتمندانہ بنیاد فراہم کرتی ہے لہٰذا انہی شعبوں میں بہتری لانے سے معاشرتی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کا خواب شرمندہ تعبیر ہوسکتا ہے۔ نائس ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام مندرجہ ذیل مقاصد کے حصول کے لئے منصوبہ بندی اور عملی اقدامات کیے جارہے ہیں:


1- بہبود اطفال 2- بہبود خواتین
3- جسمانی اور ذہنی طور پر معذور افراد کی بہبود
4- مریضوں کی بہبود اور علاج معالجہ و مناسب امداد
5- عمر رسیدہ اور اپاہج افراد کی بہبود
6- معاشرتی بہبود کے اداروں میں ربط باہمی

یہ امر باعث مسرت ہے کہ نائس ویلفیئر سوسائٹی پہلے ہی پسماندہ علاقوں / گھرانوں سے تعلق رکھنے والے طلباء طالبات کو زیور علم سے آراستہ کررہی ہے جہاں غریب گھرانوں کے بچوں کو نہ صرف مفت تعلیم دی جاتی ہے بلکہ انہیں کتب، یونیفارم اور دیگر سہولیات بھی بلاقیمت فراہم کی جاتی ہیں۔ حال ہی میں نیشنل بنک آف پاکستان کے تعاون سے ایک کمپیوٹر لیب بھی قائم کی جارہی ہے تاکہ پسماندہ علاقوں کے بچے جدید علوم اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبہ میں مہارت حاصل کرسکیں۔ ہماری خواہش اور کوشش ہے کہ پسماندہ خاندانوں کے ان زیر تعلیم بچوں کو مفت تعلیم دیتے ہوئے عمومی تعلیم کے ساتھ ساتھ انہیں ہنر مند افراد بھی بنایا جائے تاکہ تعلیم حاصل کرنے کے بعد وہ اپنے ہنر کو بروئے کار لاکر اپنی اور اپنے خاندان کی کفالت کرسکیں۔

نائس ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام گھریلو خواتین کو ہنر مند بنا کر انھیں خود کفیل بنانے کے لیے فنی تربیتی مراکز قائم کرنے کی طرف عملی اقدامات کئے جارہے ہیں اس ضمن میں ایک ووکیشنل سنٹر کے قیام کا منصوبہ زیر کارروائی ہے تاکہ گھریلو خواتین ہنر مند ہوکر نہ صرف اپنے خاندان کی کفالت بہتر انداز میں کرسکیں بلکہ ملک وقوم کی تعمیر و ترقی میں بھی مفید عملی کردار ادا کرسکیں۔

صحت کے شعبہ میں عملی کردار ادا کرنے کی غرض سے نائس ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا جاتا ہے اور ایک فری ڈسپنسری کے قیام کا منصوبہ بھی زیر کارروائی ہے۔












# نائس ویلفیئر سوسائٹی کی خدمات

سائرہ اقبال

معاشرتی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لئے کوشاں نائس ویلفیئر سوسائٹی کے اراکین سوسائٹی کے قیام سے لیکر خدمت خلق کے جذبہ سے سرشار مصروف عمل ہیں ۔تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ،حکومت پنجاب نے 'نائس' کو رضا کار ادارہ جات معاشرتی بہبود (اندراج و انضباط) آرڈیننس مجریہ 1961 کے تحت رجسٹرڈ کرلیا ہے جو کہ معاشرتی ترقی وعوامی فلاح و بہبود کے لئے ہمارے عملی ارادوں اور کوششوں کا اعتراف ہے۔نائس ویلفیئر سوسائٹی نے اپنے قیام سے لیکر اب تک تعلیم کے شعبہ میں نمایاں خدمات سرانجام دی ہیں جبکہ صحت اور معاشرتی ترقی کے شعبہ جات بھی ہماری ترجیحات میں شامل ہیں۔ نائس ویلفیئر سوسائٹی کی حالیہ خدمات کا ایک جائزہ ذیل میں دیا جاتا ہے:۔

### کمپیوٹر سنٹر کا قیام

نائس ویلفیئر سوسائٹی کے کیمپس واقع شاہدرہ میں **نیشنل بینک آف پاکستان** کے تعاون سے ایک کمپیوٹر سنٹر کا قیام عمل میں لایا گیا جہاں زیر تعلیم بچوں کو کمپیوٹر کی مفت تعلیم دی جا رہی ہے

### کیمپس کی تزئین و آرائش

نائس ویلفیئر سوسائٹی کے کیمپس میں سلور سینڈ پینٹس (Silver Sand Paints) کے تعاون سے سکول کی نئے پینٹ سے تزئین و آرائش کی گئی جس سے نہ صرف کیمپس کی بناوٹ بہتر نظر آنے لگی بلکہ زیر تعلیم بچوں میں بھی مزید لگن کے ساتھ علم حاصل کرنے کا جذبہ پیدا ہوا۔



جنرل سیکرٹری نائس ویلفیئر سوسائٹی سائرہ اقبال ریجنل مینیجر نیشنل بینک سے چیک وصول کر رہی ہیں

### نئے یونیفارمز کی فراہمی

نائس ویلفیئر سوسائٹی کے کیمپس میں زیر تعلیم بچوں میں **امپیریل گارڈن ہومز**، برکی روڈ، لاہور کے چیف ایگزیکٹو جناب شاہد بٹ کے تعاون سے اعلی معیار کے یونیفارم، جوتے، بیگز وغیرہ تقسیم کئے گئے جس سے بچوں کے چہروں پر ایک نئی رونق عود آئی۔ بچوں کے والدین نے نائس ویلفیئر سوسائٹی کے اس فلاحی اقدام کو بہت سراہا ہے۔

### الیکٹرک واٹر کولر اور فلٹر کی تنصیب

نائس ویلفیئر سوسائٹی کے کیمپس میں زیر تعلیم بچوں کی بہتر نگہداشت کے پیش نظر Atlas Copco Pakistan کے پروگرام Water for All کے تحت ایک الیکٹرک واٹر کولر مع فلٹر کی تنصیب عمل میں لائی گئی جس سے بچوں کو پینے کے لئے صاف اور ٹھنڈا پانی با آسانی دستیاب ہوگا۔

نائس ویلفیئر سوسائٹی کی مجلس انتظامیہ معاشرتی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لئے نائس ویلفیئر سوسائٹی کے پلیٹ فارم سے آئندہ بھی اسی جذبہ کے ساتھ خدمات سرانجام دینے کے لئے پرعزم ہے اور اس ضمن میں دیگر اداروں اور مخیّر حضرات سے تعاون کی امید کی جاتی ہے۔

# نائس ویلفیئر سوسائٹی کی خدمات پر ایک نظر

سائرہ اقبال

معاشرتی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لئے کوشاں نائس ویلفیئر سوسائٹی کے اراکین سوسائٹی کے قیام سے لیکر خدمت خلق کے جذبہ سے سرشار مصروف عمل ہیں ۔اپنی خدمات کو بہتر انداز میں سرانجام دینے کے لیے اراکین کی مشاورت اور اتفاق رائے سے رستم پارک، سمن آباد کے علاقہ میں نائس کے مین کیمپس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جہاں نائس کے دفاتر کے علاوہ ووکیشنل ٹریننگ سنٹر، سکول سسٹم، کوچنگ کلاسز، معذورافراد کو ہنرمند بنانے اور لیگل ایڈ سروسز جیسی خدمات سرانجام دی جائیں گی ۔ نائس ویلفیئر سوسائٹی کے مین کیمپس کے قیام سے نہ صرف اراکین سوسائٹی کے درمیان مشاورت اور رابطوں کا عمل بہتر ہوگا بلکہ معاشرتی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لئے نائس ویلفیئر سوسائٹی کی خدمات بہتر انداز میں سرانجام دی جاسکیں گی۔ ذیل میں نائس ویلفیئر سوسائٹی کی حالیہ خدمات کا حال بیان کیا جاتا ہے۔


## عیدگالا کا اہتمام

نائس ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام سوسائٹی کے مین کیمپس میں عیدالفطر کی تیاریوں کے سلسلہ میں خواتین اور بچوں کے لئے عید گالا کا اہتمام کیا گیا جس میں علاقہ کی ضرورت مند خواتین میں عید گفٹ، کپڑے، جیولری، مہندی اور بچوں کے لیے کھلونے تقسیم کئے گئے ۔عید گالا میں نائس ویلفیئر سوسائٹی کے صدر احمد علی اور جنرل سیکرٹری سائرہ اقبال کے علاوہ دیگر عہدیداران نے بھی شرکت کی۔ اہل علاقہ نے نائس ویلفیئر سوسائٹی کی اس کاوش کو سراہتے ہوئے آئندہ بھی ایسے فلاحی پروگرامز کے انعقاد کی ضرورت پر زور دیا۔ نائس ویلفیئر سوسائٹی کے صدر احمد علی اور جنرل سیکرٹری سائرہ اقبال نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عید گالا کا مقصد معاشرے کے ضرورتمند افراد کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنا تھا۔

## خواتین کے لئے ووکیشنل ٹریننگ سنٹر کا قیام

نائس ویلفیئر سوسائٹی نے خواتین کے لئے فنی تربیت کی اہمیت کا ادراک کرتے ہوئے ایک خود کفالتی پروگرام کا آغاز کیا ہے جس میں ضرورت مند خواتین کو فنی تربیت مفت فراہم کرتے ہوئے انہیں اپنے خاندان کی مناسب انداز میں کفالت کرنے کا اہل بنایا جائے گا۔اس پروگرام کے تحت انہیں ڈریس ڈیزائننگ و سٹیچنگ کی تربیت دی جائے گی تا کہ وہ اس ہُنر کو استعمال کرتے ہوئے اپنے خاندان کی کفالت کرسکیں۔ کورس کی کامیاب تکمیل پر انہیں سرٹیفکیٹ دیا جائے گا جبکہ منتخب خواتین کو ایک سلائی مشین گفٹ دی جائے گی تا کہ وہ اس ہُنر کو استعمال کرتے ہوئے اپنے خاندان کی کفالت کرسکیں۔





## ووکیشنل ٹریننگ کے پہلے بیچ کا آغاز

نائس ویلفیئر سوسائٹی کے زیرانتظام قائم کردہ ووکیشنل ٹریننگ سنٹر میں خواتین کے لئے ڈریس ڈیزائننگ و سٹچنگ کورس کے پہلے بیچ کا آغاز ہوگیا جس میں تیس سے زائد خواتین شرکت کررہی ہیں جنہیں ماہر اساتذہ کی طرف سے فنی تربیت مفت فراہم کرتے ہوئے انہیں اپنے خاندان کی مناسب انداز میں کفالت کرنے کا اہل بنایا جائے گا اور کورس کی کامیاب تکمیل پر انہیں سرٹیفکیٹ دیا جائے گا جبکہ بہتر کارکردگی کی بنیاد پر منتخب خواتین کو ایک سلائی مشین گفٹ دی جائے گی تا کہ وہ اس ہُنر کو استعمال کرتے ہوئے اپنے خاندان کی کفالت کرسکیں۔

## چیف ایگزیکٹو مرحبا لیبارٹریز کا نائس کے مین کیمپس کا دورہ

نائس ویلفیئر سوسائٹی کے سرپرست اور ملک کے ممتاز ہربل ادویہ ساز ادارے مرحبا لیبارٹریز کے چیف ایگزیکٹو جناب حکیم محمد عثمان نے نائس کے مین کیمپس کا دورہ کیا۔ نائس کے صدر احمد علی عتیق اور جنرل سیکرٹری سائرہ اقبال نے معزز مہمان کو گلدستہ پیش کرتے ہوئے انہیں خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر نائس کی ایگزیکٹو باڈی کے تمام اراکین بھی موجود تھے۔ معزز مہمان نے نے نائس ووکیشنل سنٹر کا بھی دورہ کیا اور ووکیشنل کورس کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ لگن اور محنت سے یہ ہنر سیکھ کر نہ صُرف اپنے خاندان کی کفالت کرسکتیں ہیں بلکہ وہ ملک وقوم کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرسکتی ہیں۔ نائس کی جنرل سیکرٹری سائرہ اقبال نے معزز مہمان کو نائس کے حالیہ اور آئندہ کے منصوبوں سے بھی آگاہ کیا جسمیں خواتین کے لئے بیوٹی ٹریننگ سنٹر اور ہیلتھ کیئر سنٹر جیسے پراجیکٹس شامل ہیں۔ معزز مہمان نے معاشرتی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لئے نائس کے تمام اراکین کی طرف سے کی جانے والی کوششوں کو سراہا اور انہیں اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ آخر میں معزز مہمان نے ووکیشنل کورس کے شرکاء میں مرحبا لیبارٹریز کی طرف سے تحائف تقسیم کیئے۔ نائس کی ایگزیکٹو باڈی کے تمام اراکین نے معزز مہمان کی تشریف آوری کا شکریہ ادا کیا۔




# نائس ویلفیئر سوسائٹی کی سرگرمیوں پر ایک نظر

سائرہ اقبال

معاشرتی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لئے کوشاں نائس ویلفیئر سوسائٹی کی خدمات کا سلسلہ جاری ہے کوئی قومی تہوار ہو یا مفاد عامہ کا معاملہ نائس ہر موقع کو قومی جذبے سے سرشار ہو کر اسے ملی فریضہ تصور کرتے ہوئے اپنا کردار ادا کرتی ہے۔ گذشتہ ماہ کے دوران نائس کی طرف سے سرانجام دی جانے والی خدمات و سرگرمیوں کا احوال ذیل میں دیا جاتا ہے

## جشن آزادی کی تقریبات

نائس ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام یوم آزادی کو شایان شان طریقے سے منانے کے لئے ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں علاقے کے سکولوں کے بچوں کے درمیان ملی نغموں اور تقاریر کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب میں طلبا، والدین اور اہل علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں شریک معزز مہمانان گرامی میں محترمہ مدیحہ نسیم سوشل ویلفیئر آفیسر، پروفیسر راؤ دلشاد علی




نیشنل کالج آف آرٹس، محترم سعید احمد خان سیاسی و سماجی رہنما ، محترمہ حنا ایوب پرنسپل گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ برائے خواتین سمن آباد، احمد علی عتیق صدر نائس و ایگزیکٹو ایڈیٹر ماہنامہ علمیت، ایم بی شاہد سینئر نائب صدر نائس، محمد علی صابری معروف نعت گو شاعر اور بشیر احمد بھٹی ممبران مجلس انتظامیہ نائس شامل تھے۔ تقریب کے اختتام پر ملی نغموں اور تقاریر کے مقابلوں میں شرکت کرنے والے طلباء و طالبات میں معزز مہمانان گرامی نے انعامات تقسیم کیئے۔ اور نائس کی مجلس انتظامیہ کے عہدیداران نے معزز مہمانان گرامی کی آمد کا شکریہ ادا کرنے کے بعد انہیں نائس کی یادگاری شیلڈز اور تحائف پیش کیئے۔

## شجر کاری مہم کا آغاز

سرسبز پاکستان کی قومی مہم کے سلسلہ میں نائس ویلفیئر سوسائٹی کی جانب سے شجر کاری مہم کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں نائس کے صدر احمد علی عتیق اور جنرل سیکرٹری سائرہ اقبال کے علاوہ سوسائٹی کے دیگر عہدیداران نے شرکت کی جبکہ نائس ووکیشنل سنٹر کی طالبات کے علاوہ اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی ۔اس موقع پر نائس کے عہدیداران، طالبات اور اہل علاقہ نے کثیر تعداد میں نیم اور سوہانجنا کے پودے لگائے اور شرکاء نے




اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شجر کاری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ شجر کاری نہ صرف گلوبل وارمنگ اور فضائی آلودگی میں کمی کا باعث بنتی ہے بلکہ سرسبز اور صحت مند ماحول بیماریوں پر قابو پانے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ شرکاء نے وسیع تر قومی مفاد میں شجر کاری کے عمل کو جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا تا کہ سرسبز پاکستان کا خواب تعبیر ہو سکے۔

## چھٹے پاک چائنہ بزنس فورم صنعتی نمائش میں شرکت

سوشل نیٹ ورکنگ کی غرض سے نائس ویلفیئر سوسائٹی نے مرحبا لیبارٹریز کے تعاون سے ایکسپو سنٹر لاہور میں چھٹے پاک چائنہ بزنس فورم صنعتی نمائش میں شرکت کی تا کہ نائس کے پیغام کو عوام کی کثیر تعداد تک پہنچایا جائے۔




# نائس ویلفیئر سوسائٹی کے زیرِ اہتمام

## ووکیشنل ٹریننگ پروگرام کے پہلے بیچ کی پاسنگ آؤٹ

سائرہ اقبال - جنرل سیکرٹری

معاشرتی ترقی اورعوامی فلاح و بہبود کے لئے کوشاں نائس ویلفیئر سوسائٹی (رجسٹرڈ) کے زیرِانتظام خواتین کو ہنر مند بنانے کے لئے منعقد ہونے والے تین ماہ کے ووکیشنل ٹریننگ پروگرام کے پہلے بیچ کی پاسنگ آؤٹ کے موقع پر اکبراعظم ہال، مین بلیوارڈ گلشن راوی میں ایک خصوصی تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں مہمانان گرامی محترم راؤ دلشاد علی ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ نیشنل کالج آف آرٹس، محترمہ مدیحہ نسیم سوشل ویلفیئر آفیسر، محترمہ حنا ایوب پرنسپل گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ سمن آباد نے شرکت کی۔ تقریب میں ووکیشنل ٹریننگ پروگرام کے شرکاء میں سرٹیفکیٹس اور انعامات تقسیم کئے گئے جبکہ اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبات میں سلائی مشینیں تقسیم کی گئیں۔

نائس ویلفیئر سوسائٹی نے خواتین کے لئے فنی تربیت کی اہمیت کا ادراک کرتے ہوئے ایک خود کفالتی پروگرام کا آغاز کیا ہے جس میں ضرورت مند خواتین کو فنی تربیت مفت فراہم کرتے ہوئے انہیں اپنے خاندان کی مناسب انداز میں کفالت کرنے کا اہل بنایا جاتا ہے ۔اس پروگرام کے تحت انہیں نائس کے زیرِاہتمام چلنے والے ووکیشنل سنٹرز میں ڈریس ڈیزائننگ و سلائی کی تربیت دی جاتی ہے تا کہ وہ اس ہنر کو استعمال کرتے ہوئے اپنے خاندان کی کفالت کر سکیں۔ کورس کی کامیاب تکمیل پر انہیں نہ صرف ایک سرٹیفکیٹ دیا جاتا



ہے بلکہ بہتر کارکردگی کی بنیاد پر منتخب خواتین کو ایک سلائی مشین گفٹ دی جاتی ہے تا کہ وہ اس ہنر کو استعمال کرتے ہوئے اپنے خاندان کی کفالت کر سکیں۔

پاسنگ آؤٹ کی اس تقریب میں معزز مہمانان گرامی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے نائس ویلفیئر سوسائٹی کے ووکیشنل ٹریننگ پروگرام کو خواتین کی ترقی کے لئے ایک خوش آئند اقدام قرار دیا اور فنی مہارت سیکھنے والی خواتین میں مفت سلائی مشینیں تقسیم کرنے کے اقدام کی تعریف کی اور ایسے پروگرام جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ نائس ویلفیئر سوسائٹی کے صدر احمد علی عتیق، جنرل سیکرٹری سائرہ اقبال، انفارمیشن سیکرٹری طارق سیماب اور سینئر ممبر مجلس انتظامیہ محمد علی صابری صاحب نے نائس کے قیام کے اغراض و مقاصد، ووکیشنل ٹریننگ پروگرام کے خدوخال پر روشنی ڈالتے ہوئے شرکائے تقریب کی آمد کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ خواتین کو فنی مہارتیں سکھانے کے نا صرف اس پروگرام کو جاری رکھا جائے گا بلکہ نئے پروگرام بھی شروع کئے جائیں گے تا کہ خواتین ملکی ترقی کے سفر میں اپنا عملی کردار ادا کر سکیں۔ اس تقریب میں اہل علاقہ کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی۔

# خصوصی بچے۔ ہماری خصوصی توجہ کے منتظر

## نائس ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام سپیشل چلڈرن میلہ

رپورٹ: سائرہ اقبال




معاشرتی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لئے کوشاں نائس ویلفیئر سوسائٹی اور ماہنامہ علمیت کے زیر انتظام معذور افراد کے عالمی دن کی مناسبت سے چلڈرن لائبریری کمپلیکس میں مورخہ 8 دسمبر 2018 کو خصوصی بچوں کیلئے ایک سپیشل چلڈرن میلہ کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف اداروں اور سکولوں کے خصوصی بچوں نے مختلف آئٹمز اور پروگرامز پیش کئے جن میں تلاوت، نعت، قومی ترانہ، ملی نغمے، ٹیبلو اور دیگر پروگرامز شامل تھے۔ اس میلہ میں فلاح فاؤنڈیشن اور ڈیف اویرنیس فاؤنڈیشن کے طلبا و طالبات نے اپنی پرفامنس سے حاضرین محفل سے خصوصی داد وصول کی جبکہ چلڈرن لائبریری کمپلیکس کے بچوں نے خصوصی اور شاندار پرفارمنسز کا مظاہرہ کیا۔

معزز مہمانانِ گرامی نے پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خصوصی افراد کی بحالی کے لئے ان کی تعلیم و تربیت کا انتظام حکومت اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے اس عظیم فریضہ کی ادائیگی سے انہیں روزگار کے حصول کے قابل بنا کر معاشرے کا فعال اور مفید شہری بنایا جاسکتا ہے جس کے لئے معاشرے کے تمام طبقات کو مل کر مستقل بنیادوں پر کوششیں کرنی چاہییں۔ معزز مہمانوں میں مہمان خصوصی جناب حکیم محمد عثمان چیف ایگزیکٹو مرحبا لیبارٹریز و سرپرست نائس، بین الاقوامی شہرت یافتہ شاعر و استاد جناب عباس تابش، جناب مبشر جاوید ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر لاہور، پروفیسر راؤ دلشاد علی ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ نیشنل کالج آف آرٹس، ندیم حسن گوہر رجسٹرار صوبائی محتسب پنجاب، معروف صحافی امجد فاروق کلو، ریاض ملک صدر روٹری کلب لاہور، شیخ خلدون اقبال (نمائندہ خصوصی مسٹر Thong Chun Qing مینیجر ایڈمن، چیلنج اپیرلز پرائیویٹ لیمیٹڈ)، امجد رانا سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ لاہور اور معروف سماجی شخصیت خواجہ شعیب کے علاوہ نائس ویلفیئر سوسائٹی کے صدر احمد علی عتیق، سینئر نائب صدر ایم بی شاہد، جنرل سیکرٹری سائرہ اقبال، فنانس سیکرٹری بشریٰ اقبال اور انفارمیشن سیکرٹری طارق سیماب شامل تھے۔ اسکے علاوہ پروگرام میں خصوصی طور پر شرکت کرنے والوں میں محترمہ سعیدہ خالد، شیخ قوی، امینہ ثروت، بلال منیر ایڈووکیٹ اور آمنہ بلال شامل تھے۔ جبکہ فلاحی تنظیم 'ہم خاص' کے اراکین کے علاوہ سول سوسائٹی اور میڈیا کے نمائندے شامل تھے۔ ہم خاص کی ٹیم نے خصوصی طور پر تیار کردہ میوزیکل پرفارمنس دی۔

تقریب کے اختتام پر پروگرام میں پرفارم کرنے والے تمام بچوں میں انعامات اور لنچ باکسز تقسیم کئے گئے۔ اور نائس کی انتظامیہ کی طرف سے تمام معزز مہمانوں کو یادگاری شیلڈز اور پینٹنگز پیش کی گئیں۔ جبکہ پروگرام کی کوریج کرنے کے لئے لاہور سٹی نیوز کی ٹیم اور پرڈیوسرز محترمہ فوزیہ نسیم اور عظیم وقاص کو خصوصی شیلڈز پیش کی گئیں اور پروگرام کے انعقاد میں تعاون کرنے پر چلڈرن لائبریری کمپلیکس کی پراجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر عائشہ سعید اور انکی تمام ٹیم کا خصوصی شکریہ ادا کیا گیا۔




# نائس ویلفیئر سوسائٹی کے زیراہتمام تقریب تقسیم اسناد

سماجی بہبود کی تنظیمیں غربت کے خاتمے اور خواتین کوفنی تربیت فراہم کرنے کے حوالے سے گراں قدر خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ان خدمات کی بدولت تربیت یافتہ خواتین اپنے گھر کے معاشی حالات بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ ملک کی تعمیر وترقی میں بھی اہم کردارادا کرسکتی ہیں۔ان خیالات کا اظہار مقررین نے نائس ویلفیئر سوسائٹی کے زیرانتظام ووکیشنل ٹرینگ پروگرام کے دوسرے گروپ کی ٹرینگ کی تکمیل پر منعقدہ تقریب تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔مقررین نے مزید کہا کہ نائس ویلفیئر سوسائٹی کا ووکیشنل ٹرینگ پروگراملک وقوم کی ترقی کے لئے ایک خوش آئند اقدام ہے انہوں نے فنی مہارت سیکھنے والی خواتین میں مفت سلائی مشینیں تقسیم کرنے کے اقدام کی تعریف کی اور ایسے پروگرام جاری رکھنے کی ضرورت پر زوردیا۔

تقریب کی صدارت حکیم محمد عثمان،سرپرست نائس وچیف ایگزیکٹو مرحبالیبارٹریز نے کی۔دیگر شرکاء میں ندیم حسن گوہر رجسٹرار صوبائی محتسب پنجاب، اعظم علی، رانا محمد زبیر رفیق اسسٹنٹ پبلک پراسیکیوٹر، ملک بلال نذر ایڈووکیٹ، رانا محمد خرم رفیق ، رانا محمد عمر رفیق،ایڈووکیٹس، عظیم وقاص اور طاہر جمیل شامل تھے۔ نائس ویلفیئر سوسائٹی کے صدر احمد علی عتیق،سینئر نائب صدر ایم بی شاہد، جنرل سیکرٹری سائرہ اقبال اور ایگزیکٹو باڈی کے سینئر اراکین محمد علی صابری اور بشیر احمد بھٹی نے نائس کے قیام کے اغراض و مقاصد، ووکیشنل ٹرینگ پروگرام کے خدوخال پر روشنی ڈالتے ہوئے شرکائے تقریب کی آمد کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ خواتین کوفنی مہارتیں سکھانے کے ناصرف اس پروگرام کو جاری رکھا جائے گا بلکہ نئے پروگرام بھی شروع کئے جائیں گے تاکہ خواتین ملکی ترقی کے سفر میں اپنا عملی کردارادا کرسکیں۔اس تقریب میں اہل علاقہ کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی۔

تقریب کے اختتام پر نائس کی جنرل سیکرٹری نے خصوصی طور پر حاضرین محفل کو مطلع کیا کہ نائس ووکیشنل ٹرینگ سنٹر کی اپ گریڈیشن کے سلسلہ میں نیشنل بنک آف پاکستان کو بھیجے گئے ایک پراجیکٹ پروپوزل کو منظور کرلیا گیا ہے۔فنڈز وصول ہونے کے بعد کچھ ہی عرصہ میں ووکیشنل ٹرینگ سنٹر کو کمپیوٹرائزڈ مشینوں سے آراستہ کردیا جائے گا جس سے ووکیشنل ٹرینگ حاصل کرنے والی طالبات جدید کمپیوٹرائزڈ مشینوں پر ووکیشنل ٹرینگ بہتر انداز میں جدید دور کے تقاضوں کے مطابق حاصل کرسکیں گی۔حاضرین محفل نے نیشنل بنک آف پاکستان کے اس فراخدالانہ تعاون پر انتہائی مسرت اور تشکر کا اظہار کیا۔

تقریب میں ووکیشنل ٹرینگ پروگرام کے شرکاء میں سرٹیفکیٹس اور انعامات تقسیم کئے گئے جبکہ اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبات میں سلائی مشینیں بطور گفٹ تقسیم کی گئیں تاکہ وہ آئندہ مستقبل میں اس ہنر کو استعمال کرتے ہوئے اپنے خاندان کی کفالت کرسکیں۔

# FUTURE PLANS

In order to materialize our goals from amongst the Work Plan of the NICE, details of future plans (short term and long term) and targets set for the year 2019 are highlighted below:

i) Establishment of Healthcare Center
ii) Establishment of Beauty Training Center for Women
iii) Establishment of Vocational Training Center for Special Children
iv) Publication of a monthly Magazine for Women raising their voice for Women Empowerment

The above mentioned goals, no doubt, can only be achieved with the generous support from our benefactors. It is hoped that well-to-do people will certainly stand with us for this noble cause of social welfare of the low strata of our society. This contribution will go a long way in our endeavours with greater reward hereinafter.

# HOW TO CONTRIBUTE

Allah's mercies and blessings are evident from the fact that people & organizations have shown confidence in our working. It's really thanks giving and satisfying with lot much encouragement to work even harder and most sincerely. We look forward to the continued support of our benefactors in the best interest of humanity.

For contribution, bank account details are given below:-

***For online transfer:***

| | |
|---|---|
| Account title: | NICE Welfare Society |
| Account No. | BTA 6020 0555 9280 0011 |
| Bank: | Bank of Punjab, Jinnah Hall MCL Branch, Lahore. |
| Branch Code: | 0159 |
| IBAN No. | PK74BPUN6020055592800011 |

***For further details:***

| | |
|---|---|
| Contact Person: | Ms. Saira Iqbal, General Secretary |
| Contact Nos. | 042-37414700, 0333-4699344 |
| Email: | nicewelfaresociety@yahoo.com |

***Office Address:***

210-Rustam Park, Behind Umer Market, More Samanabad,
Multan Road, Lahore.

# REGISTRATION CERTIFICATE

## GOVERNMENT OF THE PUNJAB

SOCIAL WELFARE DEPARTMENT

حکومت پنجاب

CERTIFICATE OF REGISTRATION

رجسٹریشن سرٹیفکیٹ

Registration No. DOSW.LHR(R&G)2017/1887

I hereby certify that NICE WELFARE SOCIETY

50-B CHOBURJI GARDEN ESTATE MULTAN ROAD LAHORE

has this day been Registered under the Voluntary Social Welfare Agencies (Registration and Control) Ordinance, 1961 (XLVI of 1961).

Given under my hand and seal at LAHORE

this 21st day of DECEMBER

Two Thousand and SEVENTEEN

NOTE

Renewal to Registration of the NGO shall be made after every three years.

( MUBSHER JAVED )

Registration Authority

Note: Loss of this Certificate must be reported to the Registration Authority within seven days.

نوٹ: اس سرٹیفکیٹ کی گمشدگی کی اطلاع رجسٹریشن اتھارٹی کو سات دن کے اندر اندر بھیجی جانی چاہیئے۔

# OUR SPONSORS

**NICE** extends its sincerest thanks to all our benefactors who contributed for the sake of humanity and helped us in our endeavours for helping the helpless. We believe that our goals, no doubt, could not have been achieved without the generous support from our benefactors. We salute our Sponsors, some of which are as under:-

**THANK YOU NICE FRIENDS**